فوری ریلیز کے لیے: 28/12/2022 گورنر **KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے 2030 تک چھ گیگا واٹس توانائی ذخیرہ کرنے کے حصول میں پورے ملک پر سبقت لے جانے والے نئے فریم ورک کا اعلان کر دیا

یہ جامع روڈ میپ قابل تجدید توانائی کی تیز رفتار نمو پر لگی قدغن توڑنے اور گرڈ کی معتبری اور صارف استحکام کو بڑھانے کے لئے ریاست کے کامیاب توانائی اسٹوریج پروگراموں کو وسعت دینے کی تجاویز پر عمل پیرا ہو رہا ہے

توقع ہے کہ اسٹوریج کی نافذ کاریوں سے مستقبل میں پوری ریاست کے اندر بجلی کے نظام کے اخراجات میں تقریباً 2$ بلین تک کمی آئے گی، اگر انہیں منظوری مل گئی

یہ تجویز ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف کی حمایت کر رہی ہے جس میں 2030 تک قابل تجدید توانائی سے ریاست کی 70 فیصد بجلی پیدا اور 2040 تک 100 فیصد صفر اخراج والی بجلی پیدا کی جا سکے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست کے لئے ایک نئے فریم ورک کا اعلان کیا جس میں سنہ 2030 تک پورے ملک پر سبقت لے جانے والے منصوبے کے تحت چھ گیگا واٹس توانائی ذخیرہ کی جائے گی، جو ریاست نیویارک کے کے الیکٹریسٹی لوڈ کے کم از کم 20 فیصد کی نمائندگی کرتی ہے۔ نیویارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی اور نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف پبلک سروس کی جانب سے پبلک سروس کمیشن کو پیش کردہ اس روڈ میپ میں نیویارک کے انرجی اسٹوریج پروگراموں کو وسعت دینے کے لیے سفارشات کا ایک جامع سیٹ تجویز کیا گیا ہے، تاکہ ریاست بھر میں قابل تجدید توانائی کی تیز رفتار نمو میں حائل رکاوٹیں مؤثر طریقے سے دور کی جا سکیں اور گرڈ کی معتبری اور صارف استحکام کو فروغ ملے۔ اگر اس روڈ میپ کی منظوری مل گئی تو توقع ہے تو سٹوریج کا یہ نفاذ پوری ریاست میں بجلی کے نظام کے اخراجات کو تقریباً 2$ بلین تک کم کر سکے گا، اور اس کے علاوہ نقصان دہ فوسل ایندھن آلودگیوں کے اثرات میں کمی آئے گی جس سے بہتر عوامی صحت کی صورت میں مزید فوائد بھی حاصل ہو جائیں گے۔ آج کا یہ اعلان ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ان اہداف کی حمایت کر رہا ہے جس میں 2030 تک قابل تجدید توانائی سے ریاست کی 70 فیصد بجلی پیدا اور 2040 تک 100 فیصد صفر اخراج والی بجلی پیدا کی جا سکے گی۔

"صاف، قابل تجدید توانائی ذخیرہ کرنا اور جہاں اور جب اس کی ضرورت ہو وہاں اسے فراہم کرنا ان اہم ترین چیلنجوں میں سے ایک ہے جس پر ہمیں قابو پانا ہے تاکہ پوری ریاست میں خطرناک اخراج میں کمی آئے، خاص طور پر روایتی فوسل ایندھن استعمال کرنے والے چوٹی کے پلانٹس سے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ روڈ میپ دیگر ریاستوں کے لئے ایک ماڈل کا کام کرے گا جس میں قابل تجدید انرجی کا استعمال زیادہ سے زیادہ کیا جائے گا جبکہ پاور گرڈ کیایک قابلِ اعتماد اور مستحکم و مضبوطتبدیلی ہیئتبھی ممکن و فعال بن سکے گی۔"

NYSERDA اور DPS نے چھ گیگا واٹ کے حصول کے لئے ممکنہ مارکیٹ اصلاحات اور لاگت سے موثر خریداری کے میکانزم کا محتاط جائزہ لیا اور ٹیکنالوجی کی جدت طرازی کو تیز تر کرنے کے لئے تحقیق اور ترقی کی ضروریات کی نشاندہی کی، خاص طور پر طویل مدتی اسٹوریج کے لئے ۔ ان ایجنسیوں نے توانائی ذخیرہ کرنے

کے ایسے طریقوں پر بھی غور کیا جس سے ریاست میں سب سے زیادہ آلودگی پھیلانے والے فوسل ایندھن کے بجلی گھروں کے خاتمے کا عمل آگے بڑھے ، جیسا کہ گورنر Hochul نے اپنی 2022 اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ تقریر میں تجویز کیا تھا۔

یہروڈ میپ تجویز کرتا ہے کہپوری ریاست نیویارک میں NYSERDA کے زیرِ قیادت پروگرامز نافذ کیے جائیں جن سے 4.7 گیگا واٹس کے نئے سٹوریج پراجیکٹس پیدا ہوں جو مجموعی(بڑے پیمانے والی)، ریٹیل (کمیونٹی، کمرشل اور صنعتی)، اور رہائشی انرجی سٹوریجسیکٹرز پر محیط ہوں۔ مستقبل کی ان خریداریوں سے، جو بجلی کی ان موجودہ 1.3 گیگا واٹس سٹوریج کے ساتھ ملا کر جو پہلے ہی ریاست کے ساتھ معاہدے کے تحت ہیں اور تجارتی آپریشن کی جانب رواں دواں ہیں، ریاست 2030 تک چھ گیگا واٹ کا اپنا ہدف حاصل کر لے گی۔

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "پوری ریاست میں توانائی کے اسٹوریج کو اپنانے میں تیزی لانے سے ہوا سے پیدا ہونے والی اور شمسی بجلی ہمارے برقی گرڈ میں ضم کی جا سکے گی، جبکہ فوسل ایندھن سے پیدا ہونے والی آلودگی سے ایک طویل مدت سے متاثر ہونے والی بہت سی برادریوں کے لئے ہوا کا معیار بھی بہتر بن سکے گا۔ گورنر Hochul کی قیادت میں نیویارک کی ترقی کو مزید اگے بڑھاتے ہوئے یہ روڈ میپ انڈسٹری کے لئے راہ ہموار کرے گا کہ وہ منصوبوں کی اس آئندہ لہر میں مدد و معاونت کے لئے ہمارے ساتھ شراکت داری کریں جو نیویارک کے باسیوں کو اس اہم ٹیکنالوجی کے فوائد حاصل کرنے میں ممد و مددگار ثابت ہوں گے۔"

نیویارک سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف پبلک سروس کے سی ای او Rory M. Christian نے کہا، "گورنر Hochul ریاست نیویارک میں بجلی ذخیرہ کرنے کی پیشرفت اور ترقی کی ایک اہم حامی ہیں۔ جس فریم ورک کی تجویز پیش کی جارہی ہے اس سے نیویارک کو وہ وسائل فراہم ہوں گے جو اسے صاف توانائی والی معیشت کی جانب ہماری منتقلی کو تیز تر کرنے اور ہمارے انتہائی اہم ماحولیاتی اہداف کو پورا کرنے کے لئے درکار ہیں۔"

روڈ میپ تجویز کرتا ہے:

1. 3,000 میگاواٹ نئی بلک اسٹوریج جو تقریباً دس لاکھ گھروں کو چار گھنٹوں تک بجلی فراہم کرنے کے لئے کافی ہوگی اور جو ایک نئے مسابقتی انڈیکس اسٹوریج کریڈٹ میکانزم کے ذریعے حاصل کی جائے گی، جس سے توقع ہے کہ پراجیکٹس کو طویل مدتی استحکام ملے گا اور صارفین کو زیادہ سے زیادہ رقم بچانے کی سہولت حاصل ہوگی؛
2. 1،500 میگاواٹ کی نئی ریٹیل اسٹوریج جو تقریباً 500،000 گھروں کو چار گھنٹے تک بجلی فراہم کرنے کے لئے کافی ہوگی اور 200 میگاواٹ نئی رہائشی اسٹوریج جو 120،000 گھروں کو دو گھنٹے تک بجلی فراہم کرنے کے لئے کافی ہوگی، جس کی معاونت NYSERDA کے موجودہ خطے کے مخصوص بلاک ترغیبی پروگراموں کی توسیع کے ذریعے کی جائے گی؛
3. کم از کم 35 فیصد پروگرام فنڈنگ کا استعمال ان منصوبوں کی مدد و معاونت کے لئے ہوگا جو پسماندہ برادریوں (Disadvantaged Communities, DACs) کو مراعات فراہم کرتے ہیں اور فوسل ایندھن کا سب سے زیادہ استعمال کرنے والے پلانٹس کے اخراج میں کمی کو ہدف بناتے ہیں، جبکہ پروگرام کے اجزاء ڈاؤن سٹیٹ علاقے میں بھی استعمال ہوں گے کیونکہ وہاں DAC اور سب سے زیادہ استعمال کرنے والے متعدد پلانٹس واقع ہیں؛
4. الیکٹرک یوٹلیٹیز کو پابند کرنا کہ وہ بجلی ذخیرہ کرنے کے ایسے ممکنہ ہائی-ویلیو پراجیکٹس کا مطالعہ کریں جو کم خرچ ٹرانسمیشن اور ڈسٹریبیوشن سروسز فراہم کریں جو فی الوقت موجودہ مارکیٹس کے ذریعے دستیاب نہیں ہیں؛
5. موجودہ پروگراموں کی جانب سے توانائی ذخیرہ کرنے والی قابلِ اعتماد طویل مدتی ٹیکنالوجیز سے متعلق تحقیق اور ترقی میں سرمایہ کاری کو مسلسل ترجیح دینا؛ اور

6. ایک میگاواٹ اور اس سے زیادہ کی صلاحیت کے ساتھ توانائی ذخیرہ کرنے کے منصوبوں کے لئے پروگرام کی لازمی شرط کے طور پر موجودہ اجرت کی ادائیگی، جس سے صاف توانائی میں خاندانوں کی کفالت کرنے والی ملازمتیں جاری رکھنے کے ریاستی مسلسل عزم کا اظہار ہوتا ہو۔

توانائی اسٹوریج کا ریاستی ہدف بڑھانے سے توقع کی جاتی ہے کہ نیویارک کے صارفین کے لئے اوسط بجلی کے بل کا اثر نصف فیصد سے بھی کم، یا ہر ماہ تقریباً 0.46$ ہوگا۔ یہ روڈ میپ محکمہ پبلک سروس کی ویب سائٹ پر عوامی تبصرے کے لیے دستیاب ہے، جس کے بعد سنہ 2023 میں فیصلہ سازی متوقع ہے۔

توانائی کی سٹوریج قابل تجدید توانائی کی بڑی مقدار کے انضمام کے ذریعے نیویارک کے صفر اخراج والے برقی گرڈ کی حمایت کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے، جس سے پیداواری صلاحیت میں ہمواریت لانے، تخفیفات کم کرنے، اور قابل تجدید بجلی کی جنریشن کو اس مقام پر منتقل کرنے میں مدد ملے گی جہاں اور جب اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہو۔ نومبر 2022 تک نیویارک نے ریاست میں تقریبا 130 میگاواٹس کی آپریٹنگ انرجی اسٹوریج کی مدد و معاونت کے لئے 500$ ملین سے زیادہ کا ایوارڈ جاری کیا ہے۔ 1،300 میگاواٹس سے زیادہ اضافی توانائی کا ذخیرہ ریاست کے ساتھ معاہدے کے تحت موجود اور دستیاب ہے اور تجارتی آپریشن کی طرف گامزن ہے۔ چونکہ نیویارک عمارتوں، ٹرانسپورٹیشن، اور صنعتی اینڈ صارفین کے استعمال کے لئے بجلی فراہم کرتا ہے، چنانچہ توانائی اسٹوریج کے نفاذ کی رفتار بڑھانے سے گرڈ کو وہ اضافی مطالبات پورے کرنے میں مدد ملے گی اور فوسل ایندھن کے ذریعے بجلی پیدا کرنے والے ان پلانٹس کو ریٹائر کرنے میں مدد ملے گی جو اپنی مقررہ مدت پوری کرنے کے قریب پہنچ چکے ہیں۔

NY-BEST کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Dr. William Acker نے کہا، "آج جاری کردہ نیا انرجی اسٹوریج روڈ میپ ہمارے ماحولیاتی اہداف کو پورا کرنے اور اخراج سے پاک برقی گرڈ کو فعال کرنے میں توانائی کے ذخیرے کے لئے اہم کردار کی تکمیل کر رہا ہے اور نیویارک کو 2030 تک 6 GW بجلی ذخیرہ کرنے کی راہ پر گامزن کر رہا ہے، جبکہ اس سے بجلی کی اسٹوریج میں عالمی رہنما کی حیثیت سے نیویارک کے مقام کو بھی تقویت ملے گی اور ریاست میں صاف توانائی سے متعلقہ ملازمتوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوگا۔ NY-BEST مبارک باد دیتی ہے NYSERDA اور DPS کو کہ انہوں نے ایک جامع اور قابلِ غور روڈ میپ پیش کیا، اور ہم اپنے ممبران اور ریاستی شراکت داروں کے ساتھ مل کر بجلی کے گرڈ پر توانائی ذخیرہ کرنے کے ان گوناگوں فوائد کو اجاگر کرنے کے منتظر ہیں۔"

بنگھیمٹن یونیورسٹی کے ممتاز پروفیسر اور لیتھیم آئن بیٹریاں تیار کرنے پر کیمسٹری میں نوبل انعام یافتہ Dr. M. Stanley Whittingham نے کہا، "آج جاری کردہ نیا انرجی اسٹوریج روڈ میپ بجلی ذخیرہ کرنے والی صنعت کے ایک بڑے مرکز کے طور پر ریاست نیویارک کے مقام کو مزید تقویت دے گا۔ نئی مصنوعات کی ایجاد اور جدت طرازی سے لے کر کمرشلائزیشن، مینوفیکچرنگ اور انرجی اسٹوریج کے لئے مارکیٹ کی تعیناتی تک، نیویارک نے اس تبدیلی لانے والی صنعت کی پیشرفت و ترقی کے لئے ایک مضبوط ماحولیاتی نظام تیار کیا ہے۔"

الائنس فار کلین انرجی نیویارک کے Kyle Rabin نے کہا، "نیویارک کی نوزائیدہ انرجی اسٹوریج انڈسٹری کے لئے نیویارک کی صاف توانائی پر منتقلی میں اہم کردار ادا کرنا لازمی ہے، اور ہم صنعت کی ترقی کی حمایت کے لئے اس تجویز کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ اب جبکہ نیویارک کے فیصلہ ساز انرجی اسٹوریج 2.0 روڈ میپ کو بہتر بنانے اور حتمی شکل دینے اور بیٹری اسٹوریج منصوبوں کی تعمیر کے لئے اسے زمینی پروگراموں میں تبدیل کرنے میں مصروف ہیں، تو ہم ان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے شدت سے منتظر ہیں۔ ہم پہلے 6 گیگا واٹ اسٹوریج کا ہدف مقرر کرنے اور اسے حاصل کرنے والا روڈ میپ تجویز کرنے پر گورنر Hochul کی کوششوں کے معترف ہیں۔"

نیویارک اسٹیٹ بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل کے صدر Gary LaBarbera نے کہا، "نیویارک کے صاف توانائی کے مستقبل کے لئے توانائی کی ذخیرہ کاری انتہائی اہم ہے کیونکہ یہ قابل تجدید ذرائع مثلاً ہوا سے پیدا کردہ بجلی اور شمسی توانائی کو زیادہ قابل اعتماد اور قابل ترسیل بناتی ہے اور وہاں پہنچاتی ہے جہاں ان کی ضرورت ہو، اور یہ سبز انفراسٹرکچر کا ایک مزید شعبہ ہے جو ہماری ریاست کے محنت کش افراد کے لئے ہزاروں اچھی ادائیگی

کرنے والی یونین جابز پیدا کرے گا۔ بجلی اسٹوریج کی ذمہ دارانہ ترقی کو نہ صرف ریاست کے معیاری طے شدہ صاف توانائی کے اہداف کی حمایت کرنی چاہئے بلکہ یونین والی تعمیراتی صنعت کے حضرات اور خواتین تاجروں کو بھی متوسط طبقے کے کیریئر کی ایک پائیدار اور مفید راہ پر گامزن کرنے والا راستہ بھی فراہم کرنا چاہئے جس میں مروجہ اجرت کی ادائیگیاں ہوں۔ ہم ان کلیدی عوامل کو تسلیم کرنے اور ان منصوبوں اور اقدامات کی قیادت کرنے پرNYSERDA کے معترف ہیں جن سے ہمارے اراکین کے لئے مواقع اور استحکام پیدا ہو اور جو صاف توانائی کی صنعت میں نیویارک کے قائدانہ کردار میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔"

نیویارک لیگ آف کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا، "اگر نیویارک کو موحولیاتی اہداف پورے کرنے میں پورے ملک کی قیادت کرنی ہے، تو ہمیں اپنی عمارتوں، اپنی ٹرانسپورٹیشن، اور اپنے گھروں تک وہ بجلی پہنچانی ہوگی جو زیادہ صاف توانائی کی حامل ہو اور اس کا ایک اہم جزو یہ امر یقینی بنانا ہے کہ ہمارے پاس اسٹوریج کی ضروری صلاحیت موجود ہونی چاہیے۔ NYLCV گورنر Hochul کے سنہ 2030 تک 6 GW سٹوریج کے تازہ ترین ہدف کی بھرپور حمایت کرتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ نیویارک کے 2022 انرجی اسٹوریج میپ اور اس نئے ہدف تک پہنچنے کے لئے اس کے ملٹی فرنٹ نقطہ نظر کی بھی جو مؤثر بھی ہے اور ماحولیاتی طور پر منصفانہ بھی، اور ہمارا عزم ہے کہ یہ ہدف حاصل کرنے کے لئے مروجہ اجرتوں والی جابز فراہم کی جائیں گی۔"

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ مشترکہ طور پر، یہ سرمایہ کاری 2021 میں نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں، 2011 کے مقابلے میں شمسی توانائی کی تقسیم کے شعبے میں 2,100 فیصد اضافے اور 2035 تک 9,000 میگاواٹ آف شور ونڈ تیار کرنے کے عزم کی معاونت کر رہی ہے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں